Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا بھرپور ملی جذبے سے یوم پاکستان منانے کا فیصلہ

یومِ پاکستان کے حوالے سے کل سہ پہر اسلام آباد میں تقریب کے انعقاد کی منظوری

دھاندلی اور ملک میں دستور سے انحراف کیخلاف 30 مارچ کو اسلام آباد میں جلسے کے انعقاد کی بھی منظوری

21 اپریل کو کراچی میں بڑی عوامی ریلی کے انعقاد کی بھی باضابطہ منظوری

ملکی معیشت، آئی ایم ایف سے نئے معاشی پیکیج اور اس کے عوام پر اثرات پر 25 مارچ کو اسلام آباد میں خصوصی پریس کانفرنس کی بھی منظوری

بانی چیئرمین عمران خان کے خلاف مقدمات پر اب تک کی عدالتی کارروائی اور ان کی بریّت کے امکانات پر مفصل بریفنگ

متعدد مقدمات میں بانی چیئرمین کی بریّت تازہ ہوا کا جھونکا قرار دیتے ہوئے عدلیہ سے عمران خان کی سزاؤں کیخلاف اپیلوں اور مقدمات کے میرٹ پر جلد فیصلوں کے اعلانات کی ضرورت پر زور

سینٹ انتخابات کی تیاریوں کے باب میں سینئر مرکزی رہنما سردار لطیف خان کھوسہ کی رہائشگاہ پر پنجاب کے اراکین اسمبلی کے کل کے اجتماع کی توثیق

کور کمیٹی کی جانب سے امریکی انڈر سیکرٹری آف سٹیٹس ڈونلڈ لو کی کانگرس کمیٹی میں پیشی اور دیے گئے بیان کے مندرجات کا بھی جائزہ

کور کمیٹی کی جانب سے امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر اسد مجید کی جانب سے ڈونلڈ لو کے بیان پر تازہ ردعمل حقائق کے تعین کیلئے اہم قرار

انتخابات میں بدترین دھاندلی اور عوامی مینڈیٹ پر کھلے ڈاکے کی جامع تحقیقات کے مطالبے کا بھی اعادہ

مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان تحریک انصاف ہی کور کمیٹی کے فیصلوں کی تشہیر و اشاعت کے واحد مجاز قرار

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ